سید محمد فضل آغا، ڈاکٹر صاحبہ ' پہلے منسٹر صاحب سے consult کریں کہ اس کو ڈیفر کریں یا پھر کیا کیا جائے اس میں بھی سپلیمنٹری آئیں گے اور اگر وہ تیار ہو کر نہیں آئے تو اس کو بھی ڈیفر کریں ۔

میڈم قائم مقام چیئرمین، آپ سپلیمنٹری تو کر لیں جی ۔

سید محمد فضل آغا، میرا سپلیمنٹری تو یہ ہے کہ میں نے ان سے پوچھا تھا کہ ٹوٹل یہاں پر financial layout کیا ہیں تو انہوں نے ۱۶۲۹ ملین اور ۸۹۴ ملین فارن exchange ملا کے بتایا۔ کیا یہ بتا سکیں گے کہ آج تک اس کے اوپر خرچہ کتنا ہوا ہے ۔

میڈم قائم مقام چیئرمین، جناب سید بابر علی صاحب ' انفارمیشن ہے ۔ You need fresh notice یا میں ڈیفر کر دوں ۔

سید بابر علی ، اس کو ڈیفر کر دیں ۔

**Madam Acting Chairman:** This question is also deffered. The next is.....

فضل آغا صاحب یہ پھر آپ کا ہے - ۱۵۵ سید محمد فضل آغا صاحب -

سید محمد فضل آغا، جی ۱۵۵ ' میرے خیال میں میرا سوال ہے -

میڈم قائمقام چیئرمین، اگلا سوال نمبر ۱۵۵ سید محمد فضل آغا صاحب -

155. *Syed Muhammad Fazal Agha: Will the Minister for Communication be pleased to state whether it is a fact that the Director, Fisheries Harbour, Gawadur, had interviewed, about six months back, 140 persons for differents posts, if so, whether the jobs have been provided to them, if not, its reasons?

Mr. Ahmed Faruque: No. It is not a fact that Project Director, Gawadur Fish Harbour-cum-Mini Port Project had interviewed 140 persons about six months back for different posts.

Accordingly, the question of provision of jobs does not arise.

سید محمد فضل آغا، یہ بھی ڈیفر ہی کر دیں تاکہ پھر اگلی گورنمنٹ آئے پھر نمٹ لیں گے۔

میڈم قائم مقام چیئرمین، آپ اس کا جواب دے سکیں گے۔ سید بابر علی صاحب' جی سوال نمبر ۱۵۵ سید فضل آغا صاحب آپ سپلیمنٹری کریں گے؟

سید محمد فضل آغا، ہاں جی ' سپلیمنٹری یہ ہے کہ میں نے گزارش کی تھی کہ آج سے کوئی ۹ ' ۱۰ مہینے پہلے وہاں پر جو ان کا مینیجنگ ڈائریکٹر ہے اس نے ایک سو چالیس بندوں کا انٹرویو کیا تھا employment کے لئے اور اس کے بعد ان کو پھر اپوائنٹمنٹ کے لئے کالز نہیں ملے ہیں۔ میں نے گزارش کی تھی کہ انٹرویو ہوا اس کے بعد کیا ہوا۔ انہوں نے منع کر دیا کہ انٹرویو ہی ہم نے نہیں کیا۔

میڈم قائم مقام چیئرمین، تو سپلیمنٹری کرنا چاہیں گے۔

سید محمد فضل آغا، کیوں نہیں ' کر رہا ہوں جی - وہ پھر اگر انہوں نے وہاں پر

پورٹ بنایا ہے تو اس کے لئے کوئی لوگوں کی employment ہے۔ لوگوں کو نوکریاں دیں گے یا نہیں اور دیں گے تو کب دیں گے۔

میڈم قائم مقام چیئرمین، جناب سید بابر علی صاحب۔

Syed Babar Ali: Madam Chairperson, no recruitments have been made because there is a ban on recruitment. Provision for 204 vacancies in different categories exists but the present Government intends to operate the posts through private sector. In case the port operation is operated through the public sector the question of filling up of these vacnies can be taken up subject to the provision of financial resources.

میڈم قائم مقام چیئرمین، فضل آغا صاحب سپلیمنٹری جی۔

سید محمد فضل آغا، ڈاکٹر صاحب انہوں نے کیا فرمایا ہے کہ وہ Gawadar Fish Harbour کو پرائیویٹ سیکٹر میں دے رہے ہیں؟

میڈم قائم مقام چیئرمین، جی ہاں۔

سید محمد فضل آغا، تو پھر یہ سب مسئلہ ہی ختم، یہ exercise in futility ہے۔ پھر تو یہ expenditure اور اسکے provisions اور فارن exchagne کے متعلق یہ ساری باتیں میرے خیال میں ہوا میں ہو رہی ہیں۔ جب وہ پرائیویٹ سیکٹر کو دیں گے تو پھر ان کی commitments کا تو کوئی مقصد ہی نہیں ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم exercise in futility اور vague باتیں کر رہے ہیں۔

میڈم قائم مقام چیئرمین، پروفیسر خورشید احمد صاحب ضمنی سوال۔

پروفیسر خورشید احمد، چونکہ یہ کہا گیا ہے کہ ۱۴۰ افراد کو چھ ماہ پہلے interview نہیں کیا گیا۔ کیا یہ ایک حقیقت ہے کہ کوئی interview ہوا ہے اور اگر ہوا ہے تو اس میں کتنے افراد کو انٹرویو کیا گیا تھا اور کب کیا گیا تھا؟

سید بابر علی، شکریہ میڈم۔

I am not aware of the fact that there was any interview but as there was a ban on recruitment, therefore, if they were interviewed, they were not offered jobs

میڈم قائم مقام چیئرمین، سید بابر علی صاحب، جب یہ ban تھا تو پھر انٹرویو کے لئے کال کیسے ہو گیا؟ This is a little but confused question. جب ban تھا تو پھر interview انہوں نے کیسے کیا؟ Could you give answer to this question? یہ پھر کس طرح ہو سکتا ہے؟

Syed Babar Ali: Madam Chairperson, I am not in a position to answer this question.

Madam Acting Chairman: So, you need a fresh notice for this whole question?

Syed Babar Ali: Yes, Madam.

Madam Acting Chairman: Rahim Mandokhil Sahib, on point of order.

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل، پوائنٹ آف آرڈر اورضمنی سوال بھی۔ لیکن اس وقت point of order پر بات کروں گا۔ ایک حیرت ہوتی ہے کہ یہاں جو انہوں نے سوال نمبر ۵۴ ۱ کے financial outlay. cost of Gawadar Fish Harbour cum mini port project دیا ہے۔ اس پر جو خرچہ ہوا ہے۔ اس کی تفصیل دی ہے اور ابھی یہاں وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ وہ اسے private sector کو دے رہے ہیں۔ وزیر صاحب کیا یہ ذرا بتا سکیں گے کہ پرائیویٹ سیکٹر کو حوالے کرنے کی کہاں سے منظوری ہوئی؟ کب ہوئی اور کیوں ہوئی؟

میڈم قائم مقام چیئرمین، جناب سید بابر علی۔

Syed Babar Ali: Madam, the case of it handing over to the private sector is under consideration, it has not been finalized.

Madam Acting Chairman: Thank you. The question is deferred.

Next is 157. Hafiz Hussain Ahmed Sahib.

157. ***Hafiz Hussain Ahmed:** Will the Minister for Communications be pleased to state whether it is a fact that the newly constructed road between Kharian railway bridge and Saray-e-Alamgir Canal is again in adilapidated condition at various places; if so the action taken or proposed to be taken against the conrtactor concerned?

**Mr. Ahmed Faruque:** No this portion is not in dilapidated condition now. The said section was in bad condition prior to its rehabilitation. The Contractor M/s J&P(Overseas) Ltd. has completed the rehabilitation/overlay of the mentioned portion as per specification and this section has been opened to traffic since 19th of Jun,1993.

**Madam Acting Chairman:** Supplementary. Hafiz Hussain Ahmed.

**حافظ حسین احمد** ، مجھے fresh Minister چاہیئے جی۔

**میڈم قائم مقام چیئرمین**، آپ question کریں جی۔

**حافظ حسین احمد** ، Question کیا کروں جی۔ انہیں کچھ پتہ ہی نہیں ہے؛ fresh Minister منگوائیں۔میں question کروں گا۔ ہمارے ہر ضمنی سوال پر fresh question آتا ہے۔

**میڈم قائم مقام چیئرمین**، نہیں جی وہ جواب دے دیں گے۔ آپ ضمنی سوال کریں۔

**حافظ حسین احمد** ، محترمہ سوال یہ ہے کہ انہوں نے جواب دیا ہے کہ اس سڑک کو کھولنے سے پہلے افتتاح سے پہلے وہ حصہ خراب ہو چکا تھا لیکن وہ بنوا کر کھول دیا گیا ہے۔ میرا سوال یہ تھا کہ اس ٹھیکیدار کے خلاف کیا قانونی کارروائی کی گئی؛ انہوں نے کہا نہیں۔ انہوں نے بنا دیا ہے۔ جو سڑک افتتاح سے پہلے ٹوٹ گئی تھی اس پر کیا کارروائی ہوئی؛

میڈم قائم مقام چیئرمین، سید بابر علی صاحب۔وزیر برائے خزانہ ۔ وہ پوچھ رہے ہیں What action has been taken against the contractor? جس کی responsibility تھی construction کی۔

Syed Babar Ali: Madam Chairperson, the answer was that the portion is not in a dilapidated condition now. The said section was a bad condition prior to its rehabilitation.

وہ تو مرمت سے پہلے خراب تھا۔ مرمت کے بعد تو ٹھیک ہو گیا ہے۔

میڈم قائم مقام چیئرمین، نہیں جی ۔ مرمت سے پہلے خراب ہے۔ حافظ صاحب کا سوال یہی تھا کہ آپ نے ان ٹھیکیداروں کے خلاف کوئی action لیا ہے یا نہیں؟ جنہوں نے ایسی سڑک بنائی جس کی افتتاح سے پہلے ہی حالت خراب ہو گئی ۔مرمت تو بعد میں ہوئی۔ اس سے پہلے کی بات وہ پوچھ رہے ہیں۔

سید بابر علی ، اس کے بارے میں میرے پاس کوئی information نہیں ہے۔

میڈم قائم مقام چیئرمین، ظریف خان مندوخیل صاحب' پوائنٹ آف آرڈر۔

شیخ ظریف خان مندوخیل، میں وزیر صاحب کی help کے لئے یہ عرض کروں گا حافظ حسین احمد صاحب نے فرمایا تھا کہ وہ جو سڑک تھی اس کے ٹھیکیدار کے خلاف کیا action لیا ہے؟ وزیر صاحب جواب دینا چاہتے ہیں کہ اس وقت work in progress اور کام مکمل نہیں تھا۔اب ۱۹ جون سے کام مکمل ہوا ہے اور وہ بالکل صحیح ہے۔

میڈم قائم مقام چیئرمین، شکریہ جی۔ ڈاکٹر ریحان صاحب۔ آخری ضمنی سوال۔

ڈاکٹر محمد ریحان ، یہ سوال ہے Communications Ministry کے بارے میں۔ تو میں وزیر موصوف سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا جی ٹی روڈ پر جس کو میں شیر شاہ سوری روڈ ہی کہوں گا ترنول سے پشاور کی طرف جاتے ہوئے اس پر جو ندی نالے بنے ہوئے ہیں اور جب ہم جاتے ہیں اپنی چھوٹی گاڑیوں میں تو جھولے کی طرح جھولتے ہیں اور ہر وقت یہ خطرہ ہوتا ہے کہ گاڑی الٹ نہ جائے' اس کی مرمت کا وہ کب بندوبست کریں گے؟

میڈم قائم مقام چیئرمین: جناب سید بابر علی صاحب۔

Syed Babar Ali: Replying on behalf of the Minister of Communications who unfortunately is not here, I will need fresh notice for this answer.

Madam Acting Chairman: Next question, question No. 158, Hafiz Hussain Ahmed Sahib.

158. ***Hafiz Hussain Ahmed**: Will the Minister for Law and Justice be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to amend the relevant sections of PPC regarding penalties and fines which do not meet the requirement of the present time?

Mr. Justice (Retd.) Abdul Shakurul Salam: Yes. The matter is under consideration.

MadamActing Chairman: Supplementary, Hafiz Hussain Ahmed Sahib.

حافظ حسین احمد ، میرا جی ضمنی سوال یہ ہے کہ وہ کون سی دفعات ہیں اور کون کون سے جرائم ہیں ان کی تفصیل بتائی جائے؛

میڈم قائم مقام چیئرمین: جناب جسٹس عبدالشکور السلام صاحب۔

Mr. Justice(Retd.) Abdul Shakurul Salam: Section 137- deserter, 140- wearing dress or c[illegible] any token used by a soldier, 154- There are host of sections of PPC all of which would require some changes or amendments to raise fines which were imposed many years ago and are comparably inadequate and so on. If the honourable Senator wants all the sections to be read now, I can do that or he concedes.

میڈم قائم مقام چیئرمین ، حافظ صاحب ابھی آپ چاہیں گے کہ وہ ساری details سنا دیں یا اس کی کاپی آپ کو دلوا دوں۔

حافظ حسین احمد ، نہیں جی میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ ایوان کی معلومات میں اضافہ ہو' اور یہ بھی پوچھنا چاہوں گا کہ ان کے لئے اسلامی نظریاتی کونسل کی طرف رجوع کیا گیا ہے یا نہیں؛

میڈم قائم مقام چیئرمین، جناب جسٹس عبدالشکور السلام صاحب۔

جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالشکور السلام ، یہ ہیں جی ۱۴۰ میں پڑھ چکا ہوں' اور

154- Owner, occupier of land not giving information about riots, 160- Committing a fray; 171- wearing garb of a public servant, 171(1) Failure to keep election accounts; 172- Absconding to avoid service of summons. 173- Preventing service of summons; 174- Not obeying a legal order; 175- Intertionally omitting to produce a document to a public servant required by law; 176- Intentionally omitting to give notice or information to a public servant about which he is legally bound; 177- Knowingly furnishing false information to a public servant;178- Refusing to take oath when required by law; 179- Being legally bound to state the truth and refusing to answer questions; 180- Refusing to sign statement made to a public servant; 182- Giving false information to a public servant ;183- Resistence to the taking of property by lawful authority of a public servant; 184- Obstructing sale of property offered for sale by authority of a public servant; 185- Bidding by a person under legal incapacity to purchase it for property at a lawfully authorised stage;186- Obstructing a public servant in discharge of his public functions; 187- Omission to assist public servants, 188- Disobedience to a lawful order; 228- International assault or interruption in performance of public duty;272- Adulteration of food and drinks;273- Selling food and drinks knowing them to be abnoxious; 274-

Adulterating in drugs or medicines:275- Offering for sale or issuing from a dispensary or a drug which has been adulterated; 276- Knowingly selling or issuing from a dispensary any drug; 277- Re-filling water of a public spring or reservoir;278- Making atmosphere abnoxious to health; 279- Driving or riding on apublic way so rashly and negligently as to endanger human life; 280- Navigating any vessel; 282-Conveying for hire any person in an illegal manner; 283- Causing danger; obstruction to a public highway

جناب عبدالرحمان جمالی، پوائنٹ آف آرڈر۔

میڈم قائم مقام چیئرمین، جناب عبدالرحمان صاحب پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب عبدالرحمان جمالی، محترمہ! ہماری معلومات میں کافی اضافہ ہو گیا ہے۔

میڈم قائم مقام چیئرمین، وہ جی حافظ صاحب کی ڈیمانڈ ہے تو اب----

جناب عبدالرحمان جمالی، اب تو حافظ صاحب بھی satisfy ہو گئے ہیں، اب منسٹر صاحب تھوڑا سا رحم کریں، وہ ہمارے بزرگ ہیں۔

حافظ حسین احمد۔ کم از کم جو لکھا ہے وہ تو پڑھ دیں ناں۔

میڈم قائم مقام چیئرمین - جناب پروفیسر خورشید احمد۔

پروفیسر خورشید احمد۔ محترمہ اتنا ہی کافی ہے۔ میرا سوال یہ ہے کہ کیا وزیر محترم کے علم میں یہ بات ہے کہ 1988 میں جب محترم وسیم سجاد صاحب وزیر قانون تھے اسی سینٹ میں یہ مسئلہ آیا تھا اور اس وقت حکومت نے یہ کہا تھا کہ ہم فوری طور پر review کر رہے ہیں ان تمام penalties کو تو 88 سے اب تک یہ under consideration ہے۔

میڈم قائم مقام چیئرمین - پریس گیلری! پلیز آپ ذرا ڈسپلن کا خیال کریں۔

پروفیسر خورشید احمد۔ اب تک یہ under consideration ہی ہے یا اس پانچ سال میں اس کے اوپر کوئی definite proposal یا امنڈمنٹ ہوئی کیبنٹ میں۔

میڈم قائم مقام چیئرمین ۔ جناب عبدالشکور صاحب ۔

جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالشکور السلام ، کچھ قوانین میں امنڈمنٹس اس عرصہ میں ہو چکی ہوئی ہیں ۔ کچھ under active consideration ہیں اور باقی under consideration ہیں ۔ پراونشل گورنمنٹ کو پوچھنا ہے ۔ آئیڈیالوجی کونسل کو پوچھنا ہے ۔ اور پھر دیکھنا ہے کہ ساریوں کو fit in کیسے کریں ۔ ان میں سے کچھ میں تو امنڈمنٹس ہو چکی ہوئی ہیں already اور لاء منسٹر صاحب کی پہلی جوکمٹمنٹ تھی ۔

That they are under consideration, they were under consideration, action was taken on some of them, some of them have already been amended. Some of them have been amended within this small period of few weeks.

Madam Acting Chairman: Next question 159 Dr. Rehan Sahib.

159. *Dr. Muhammad Rehan: Will the Minister for Local Government and Rural Development be pleased to state the time by which administrative approval for schemes proposed by Senator under Tameer-e-Wattan Programme during the year 1992-93, will be given?

Mr. Ali Khan Junejo: A total of 2158 schemes estimated to cost Rs. 646.514 million proposed by the Senators during 1992-93 were approved by Federal Development Committee for which Administrative Approval has already been issued.

729 schemes proposed by the Senators which estimated cost of Rs. 154.418 million were received after the last meeting of the FederalDevelopment Committee.

ڈاکٹر محمد ریحان ، جناب والا! سوال کے آخر میں جو فقرہ ہے A policy on all such schemes is under consideration of the Cabinet. کیبنٹ کی میٹنگ پچھلے Monday کو ہو چکی ہے مہربانی کرکے وزیر صاحب مختصرا بتا دیں گے کہ انہوں نے کیا فیصلہ کیا اس

کو ہو چکی ہے مہربانی کرکے وزیر صاحب مختصرا بتا دیں گے کہ انہوں نے کیا فیصلہ کیا اس بارے میں؟

میڈم قائم مقام چیئرمین:جناب علی خان جونیجو منسٹر فار لوکل گورنمنٹ۔

Mr. Ali Khan Junejo: It was on the agenda of the Cabinet, the agenda of the Cabinet meeting was unfortunately very long, we have to furnish it in the next meeting.

Madam Acting Chairman: Yes, Dr. Bishrat Ellahi Sahib.

Dr. Bisharat Ellahi: Madam Chairperson, the reply here is at varience to what the honourable Minister had stated in the Senate sometime ago. Here he says that a total of 2158 schemes estimated to sost so much proposed by a Senator and approved by Federal Development Committee for which administrative approval has already been issued. Does it imply that these schemes for which administrative approval has been given, funds would be released for them. Because last time we were told that the ongoing schemes would be kept going on but the ones which have not started; these will not go ahead.

Madam Acting Chairman: Honourable Minister.

Mr. Ali Khan Junejo: The schemes that were not already started will have to await the decision of the Cabinet.

Dr. Bisharat Ellahi: This is precisely the issue. This answer is at varience to what the Minister says on the floor of this House. There are 2 paragraphs to this answer, the 2nd paragraph says that certain schemes which were brought up after a certain date have not received the administrative

administrative approval?

Madam Acting Chairman: Yes, honourable Minister.

Mr. Ali Khan Junejo: I have already suggested that decision will be taken by the Cabinet.

میڈم قائم مقام چیئرمین، سپلیمنٹری سید محمد فضل آغا۔

سید محمد فضل آغا، شکریہ میڈم ڈاکٹر صاحبہ! ڈاکٹر بشارت صاحب نے پوائنٹ آوٹ کیا۔ آپ نے سیکنڈ پورشن میں سوال میں کہاہے کہ ۲۶ جون کے بعد جو سکیمیں آئی ہیں تو کیا منسٹر صاحب فرمائیں گے کہ پچھلے سال ستمبر اور اکتوبر میں جو سکیمیں دی گئیں تھیں۔ وہ سب approve ہوں گی۔ ان سب کے لئے فنڈز ریلیز ہونگے۔ پچھلے سال ۹۲-۱۹۹۱، ستمبر، اکتوبر، جولائی میں یا دسمبر سے پہلے جو سکیمیں دی گئیں تھیں۔ ان سب کے لئے فنڈز ریلیز کریں گے۔

میڈم قائم مقام چیئرمین، منسٹر علی خان جونیجو۔

Mr. Ali Khan Junejo: The answer is the same. It has to wait for the new policy by the Cabinet on this.

سید محمد فضل آغا، تو پھر یہاں کیوں لکھا ہے؟

میڈم قائم مقام چیئرمین، سپلیمنٹری پروفیسر خورشید احمد۔

پروفیسر خورشید احمد، جناب چیئر پرسن صاحبہ! میں ایک بار پھر بڑے ادب سے وزیر محترم سے کہوں گا کہ ڈاکٹر بشارت صاحب نے جو سوال اٹھایا ہے وہ بڑا واضح سوال ہے آپ نے یہ کہا ہے کہ during 1992-93, 2158 schemes were approved اور اس کے بعد کہا گیا ہے۔

جو The Committee for which administrative approval has already been issued.

pending ہیں before the Cabinet ا گر یہ جواب صحیح ہے اس کا تعلق صرف ان ۶۲۹، سکیموں سے ہے جو ۲۶ جون ۹۲. کے بعد تھیں لیکن حقیقت یہ ہے اور ہاؤس میں ہمیں پچھلی مرتبہ یہ جتایا گیا ہے کہ وہ تمام سکیمیں جو approved بھی ہیں اگر ان پر کام شروع نہیں ہوا تو ان پر پیسہ روک دیا گیا ہے۔ دونوں میں تضاد ہے اس لئے کہ آپ نے یہ کہا ہے کہ Administrative

روک دیا گیا ہے۔ دونوں میں تضاد ہے اس لئے کہ آپ نے یہ کہا ہے کہ Administrative approval has already been issued. جس کے معنی یہ ہیں

Now it is only the question of release, not of approval. These cases are not going to the Cabinet. This is the contradiction.

میڈم قائم مقام چیئرمین: For those approved schemes. کہ آرڈرز issue ہو چکے ہیں یا نہیں۔

Mr. Ali Khan Junejo: The funds have been released but not for the schemes that are not started. Rather funds have been released for all of them

Madam Acting Chairman: For those approved schemes?

Mr. Ali Khan Junejo: But what I can state right now is that the funds for the on-going schemes will continue to be disbursed.

میڈم قائم مقام چیئرمین: عبدالرحیم خان مندوخیل آن سپلیمنٹری۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل، محترمہ! سوال تو ہم سب نے کئے لیکن میں اپنے طور پر سمجھ نہیں سکا' یہاں دو پیراگراف ہیں۔ پہلے پیراگراف میں یہ ہے کہ ۲۱۵۸ سکیمیں جوکہ ۲۶ جون ۱۹۹۲ء تک انہوں نے منظور بھی کی ہیں اور انتظامی منظوری بھی دے دی ہے۔ دوسری جو ۲۹، سکیمیں جو ہیں وہ ۲۶ جون ۱۹۹۲ء کے بعد آئی ہیں اب یہاں جو آخری فقرہ ہے وہ یہ ہے a policy on all such schemes is under consideration of the Cabinet. یہ ان ۲۹، سکیموں کے لئے نئی پالیسی ہے یا وزیر صاحب فرما رہے ہیں کہ جن کی approval بھی آئی ہے لیکن سکیمیں شروع نہیں ہیں۔ ان کے لئے پیسہ release نہیں ہو رہا اسکے متعلق وزیر صاحب وضاحت فرمائیں؟

میڈم قائم مقام چیئرمین، جناب علی خان جونیجو صاحب۔

Mr. Ali Khan Junejo: Madam, as it is very clear from the answer, it is not the administrative approval. That was given before this government came in. Since this present government has come in, it has decided to review the whole

thing but no stoppage of funds has taken place for the schemes that had already started. That would abviously be waste of money that has already been spent.

Madam Acting Chairman:Dr . Bisharat Elahi last supplementary.

Dr. Bisharat Elahi: All I would ask through you, Madam Chairperson, from the honourable Minister that is he prepared to stick by the answer given to this question? If he is prepared to stick by the answer to this question then he should say on the floor of the House. He says that the money has not been released for the schemes that have not started. The answer written here is quite different from what he is saying. Does he stick to this answer and if he does then do we hold the government responsible for what is written over here otherwise he should say that the answer given here is inadequate and not clear.

Madam Acting Chairman: Mr. Ali Junejo.

Mr. Ali Khan Junejo: I stick to this answer including the last sentence in the first paragraph.

Madam Acting Chairman: Behrawar Saeed Sahib.

Akhunzada Behrawar Saeed: Will the Minister be kind enough to categorically state that the schemes approved in 19992-93 and money for the same has been sent to the premises and withheld and will that money be released or not, or is there still something lurking in the minds of the Cabinet? And what does he mean by on-going schemes, the schemes of 1990-91 or the schemes of 1992-93?

Mr. Ali Khan Junejo: Madam, by on-going schemes, I mean the

That is what I mean by on-going schemes.

Madam Acting Chairman: Next question 160, Mir Jabbar Sahib.

160. * Mir Abdul Jabbar: Will the Minister for Local Government and Rural Develpment be pleased to state the funds provided for the development schemes submitted by each Member of the Senate belonging to Balochistan under the Tameer-e-wattan Programme during the years 1991-92 and 1992-93 indicating also their names, name of scheme, total cost invoied, and present stage of work done on each scheme separately in each case with yearwise break up?

Mr. Ali Khan Junejo: A computer print out is enclosed.

*(List has been placed in the Senate Library)*

میڈم قائم مقام چیئرمین، ضمنی سوال۔

میر عبدالجبار، میں معزز وزیر صاحب کا بہت مشکور ہوں کہ انہوں نے میرے سوال کے جواب میں ایک بڑا پلندہ / ایک دفتر تھما دیا ہے جس پر ضمنی سوال کرنے کے لئے مجھے وقت چاہیئے تاکہ میں اسے پڑھ کر ضمنی سوال کر سکوں۔ تاہم ان کا شکرگزار ہوں کہ انہوں نے تفصیل سے جواب دیا ہے۔

میڈم قائم مقام چیئرمین، وزیر اعظم پاکستان۔ جناب معین قریشی ایوان میں تشریف لا رہے ہیں۔

(اس موقع پر وزیر اعظم پاکستان جناب معین قریشی ایوان میں تشریف لائے)

میڈم قائم مقام چیئرمین، ضمنی سوال، میر عبدالجبار صاحب۔

میر عبدالجبار، میں معزز وزیر سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ انہوں نے ۹۱-۱۹۹۲، اور ۹۲-۱۹۹۳ء میں تعمیر وطن پروگرام کے تحت جو سکیمیں سینیٹرز حضرات کو دی تھیں ان میں disparity

ہے۔ اس وقت کے سینیٹرز حضرات جو ۹۱-۱۹۹۲ء میں تھے ' ۹۲-۱۹۹۳ء میں تھے اور جو حزب اختلاف کے بنچوں پر بیٹھے تھے ' ان کو صرف ۵۰ لاکھ روپیہ کی سکیمیں دی گئیں جب کہ حزب اقتدار کے لوگوں کو ایک کروڑ ۴۰ لاکھ روپیہ کی ' اس تفاوت کا کیا آپ کوئی جواز پیش کر سکیں گے؟

میڈم قائم مقام چیئرمین، جناب علی خان جونیجو صاحب۔

Mr. Ali Khan Junejo: I think, the Prime Minister will be in a better position to answer the question.

Madam Acting Chairman: The Question Hour is over. Mr. Gulazar Ahmed Khan, on a point of order.

Discussion On The Economic Package Implemented By The Caretaker Government.

جناب گلزار احمد خان، محترمہ! خوش قسمتی سے وزیراعظم صاحب اس ایوان میں تشریف لائے ہیں۔ سب سے پہلے تو میں ان کو خوش آمدید کہتا ہوں کہ ان کے دل میں ہمارے لئے محبت پیدا ہوئی ہے کہ یہ تشریف لائے ہیں اور انہوں نے ہمیں یاد کیاہے۔ اس کے ساتھ ہی میں تھوڑا سا محبت سے شکوہ بھی کروں گا۔

میڈم قائم مقام چیئرمین، ابھی ان کو پہلے بات کرنے دیں۔

جناب گلزار احمد خان، محترمہ! آپ مجھے صرف ایک منٹ تو دیں۔

میڈم قائم مقام چیئرمین، گلزار احمد خان صاحب۔

جناب گلزار احمد خان، میں ایک منٹ سے زیادہ وقت نہیں لوں گا۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پارلیمنٹ ملک کے سیاسی ' معاشی اور معاشرتی معاملات کو طے کرنے اور------

میڈم قائم مقام چیئرمین، ذرا شارٹ کریں۔

جناب گلزار احمد خان، ان طے شدہ قوانین پر عمل درآمد کرنے کا ایک واحد ادارہ ہے یا گھر ہے اور ہم اس گھر کے افراد ہیں۔ حالانکہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو وزیراعظم کے پاس

کابینہ موجود ہے' یہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وزیراعظم نے اپنے جیسے تمام کابینہ کے وزیر لئے ہیں۔ جولائق ' قابل اور پڑھے لکھے لوگ ہیں لیکن میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ جناب ایک مثال صادق آتی ہے۔ اس وقت حافظ صاحب تو چلے گئے ہیں۔ ایک حافظ تھے' ان کو کسی نے کہا کہ حافظ جی! حلوہ پکا ہے' انہوں نے کہا کہ ہمیں کیا۔ (میں یہ حافظ حسین احمد صاحب کو نہیں کہہ رہا ہوں) تو انہوں نے کہا کہ جی جناب حافظ صاحب! آپ کے لئے پکا ہے۔ تو انہوں نے کہا کہ پھر تمہیں کیا۔ ہمیں یقین ہے کہ معاشی طور پر وزیراعظم صاحب بہت قابل ' بہت لائق انسان ہیں۔۔۔

میڈم قائم مقام چیئرمین: آپ ذرا شارٹ کریں۔

جناب گلزار احمد خان: تو مہربانی کرکے یہ معاشی قابلیت اور اہلیت ہمارے لئے کام میں لائیں اور اتنا بڑا پیکیج جو انہوں نے دیا ہے۔۔۔۔

میڈم قائم مقام چیئرمین: ابھی آپ بحث نہ کریں۔ ان کی ststement کے بعد یہ بات ہو سکتی ہے۔

جناب گلزار احمد خان: جی ' صرف آدھا منٹ ' تھوڑا سا وقت دیں۔ بڑی مشکل سے موقع ملا ہے وزیراعظم سے بات کرنے کا۔ تو جو انہوں نے معاشی پیکیج بنایا ہے' میں یہ سمجھتا ہوں کہ سیاسی پارٹیوں کو اور عوام کو پسند نہیں آیا ہے۔۔۔۔

میڈم قائم مقام چیئرمین: گلزار صاحب یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے۔ آپ تشریف رکھیں۔

جناب گلزار احمد خان: میں صرف ایک بات عرض کرکے ختم کر رہا ہوں۔ میں آخری بات کرکے ختم کر رہا ہوں۔

میڈم قائم مقام چیئرمین: آپ اتنی لمبی سٹیٹمنٹ نہیں دے سکتے ہیں۔

جناب گلزار احمد خان: آپ مجھے آخری بات تو کرنے دیں۔

Madam Acting Chairman: Mr. Muhammad Ali Khan, Leader of the House.

Muhammad Ali Khan: Mohtarama Chairperson! I welcome the Prime Minister of Pakistan in this August House and, on behalf of my party, I assure him all help, assistance and cooperation in all those schemes which he would like to place before the nation for the good of the country and people at large. We have never believed in any confrontation what so ever. We have always tried to help in the affairs of the Senate. We have always tried to help all the governments whether we were in the government or in the opposition. Here, the Senate is a small House but I am sure it is full of those people who have mature minds and they do apply their minds quite often to all the things which are placed before the House and we give good ideas and proposals to the Government. We have a Committee on Assurance and when the Ministers give us assurance and those things are not taken up, again, we take up the cases in those committees and things go on like this and by the grace of God Almighty the decorum of the House has been kept up to this very day and the cooperation has been going on with all the governments and lot of things have been done here specifically in our committees. Prior to these committees we always discussed various issues here in the House but when the committees were made, now the entire nation knows that a lot of work has been done in the committees and we have saved lot of time of this august House. Later on the National Assembly followed us but of course to our great disappointment their House was dissolved and today the Senate is the only representative body fuctioning in the country and all the eyes are fixed on this House. I again thank the Prime Minister to have come to this House and to appraise us of what the Government intends to do as for as the package has been given. There has been a number of speechs, it is still under discussion and quite a number of Members would be taking part

in the debate but I am sure a right direction would be shown to us and all those difficulties which we face would be *Insha Allah* solved. With these words I thank you Madam.

Madam Acting Chairman: Thank you Professor Khursid Ahmed Sahib.

**پروفیسر خورشید احمد**:بسم اللہ الرحمان الرحیم۔

محترمہ چیئرپرسن صاحبہ! میں قائد ایوان جناب محمد علی خان صاحب کے جذبات کی تائید کرتا ہوں اور اپنی جماعت کی طرف سے جس کا تعلق حزب اختلاف سے ہے محترم وزیر اعظم کو خوش آمدید کہتا ہوں۔ اس ایوان کے اندر ہماری دلی خواہش تو یہ تھی کہ حلف اٹھانے کے فوراً بعد وہ اس ایوان میں آتے اور الیکشن کے بارے میں بھی اور معاشی پیکج اور دوسری تبدیلیاں جو انہوں نے تجویز کی ہیں ان کا اعلان اس ایوان میں کرتے لیکن بہر حال ان کی مجبوریاں تھیں ۔ وہ یہ نہیں کر سکے۔ آج وہ یہاں آئے ہیں اور ہم دل کی گہرائیوں سے ان کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ اور ان کو یقین دلاتے ہیں کہ ہمارا رویہ ہمیشہ یہ رہا ہے اور رہے گا کہ جو بات صحیح ہوگی اس کی تائید ہم کریں گے۔ اور جو بات غلط ہوگی اس پر ہم بھر پور احتساب کریں گے۔

میں سمجھتا ہوں کہ اس ایوان میں جو بحث ہو رہی ہے۔ ضرور محترم وزیر اعظم صاحب تک اس کے ضروری نکات ان کے وزراء اور عملے نے پہنچائے ہوں گے اور آج یہ موقع ہے کہ وہ اس ایوان میں کھلے دل کے ساتھ اپنی پالیسی کو پیش کریں اور وہ سوالات جو یہاں اٹھائے گئے ہیں جن کا تعلق معاشی پیکج کے خالص معاشی پہلووں سے بھی ہے اور سیاسی پہلووں سے بھی ہے۔ کسی نے حکومت کی constilutionality یا legality کو چیلنج نہیں کیا۔ لیکن Caretaker Government کی propriety اس قسم کے معاملات کو طے کرنے کے بارے میں جو مختلف رائے ظاہر کی ہیں ضروری ہے کہ اس پر گفتگو ہو اور وہ اس بارے میں اپنے موقف سے ہمیں آگاہ کریں۔ اس طرح اس بات کی بھی ضرورت ہے کہ جو نتائج نکلے ہیں اس پیکج کے اور جس سے قوم مضطرب ہو گئی ہے۔ ہمیں آگاہ کریں۔

ہم سب یہ چاہتے ہیں کہ انتخابات ہوں اور بروقت ہوں اور خدا گواہ ہے کہ ہماری پوری

کوشش ہے کہ کوئی چیز قانون کے خلاف نہ ہو۔ امن و امان کا احترام کیا جائے اور حالات سازگار بنائے جائیں تاکہ انتخابات ہو جائیں لیکن یہ ان کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ یہ دیکھیں معاملات محض اکنامکس کا نہیں political economy کا ہے کہ جو اقدام کئے جا رہے ہیں ان کے عملی نتائج کیا نکل رہے ہیں اور عوام میں اس کا کیا ردعمل ہے اور میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ آج ان کے پیکیج کے بارے میں ملک میں احتجاج ہو رہا ہے۔ آج ان کا ریڈیو اور ان کا ٹی وی امتحان پر ہیں اور ہم یہ دیکھیں گے کہ کہاں تک دیانتداری کے ساتھ جتنی ہڑتال ہوئی ہے۔ جن جذبات کا اظہار کیا جا رہا ہے ان کی عکاسی کرتے ہیں یا ماضی کی حکومتوں کی طرح چناؤ کے انداز میں محض ایک رخ کو پیش کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ تمام چیزیں جن پر کہ آج وہ امتحان پر ہیں ۔ ہم ان کی کامیابی کے لئے دعاگو ہیں لیکن ساتھ ہم یہ چاہتے ہیں کہ وہ ان تمام چیزوں کا سامنا کریں۔ ایوان کے اندر، قوم کے اندر۔ ہم ایک جمہوری معاشرہ ہیں۔ ہم ایک جمہوری ملک ہیں۔ ہم جمہوری عمل چاہتے ہیں اور اس میں ہمیں توقع ہے کہ وہ ایک جمہور پسند انسان کی حیثیت سے ان معاملات کا سامنا کریں گے۔ شکریہ!

**میڈم قائم مقام چیئرمین :** حافظ حسین احمد صاحب، حافظ صاحب آپ ذرا مختصر بیان دے دیں کیونکہ وزیراعظم پاکستان نے بھی بیان دینا ہے۔

**حافظ حسین احمد :** شکریہ، محترمہ چیئرمین صاحبہ! ہمیں ان کی مصروفیات کا احساس ہے لیکن ہمیں اس ایوان بالا کی اہمیت کا بھی اس سے زیادہ احساس ہے۔ جناب والا! ہم نے اس ایوان کے فلور پر ہر وقت یہی گزارش کی ہے کہ ملک کے جمہوری اداروں اور خصوصاً اس ایوان کا استحقاق مدنظر رکھا جائے۔ ہمیں خوشی ہے کہ نگران وزیراعظم صاحب آج ہمارے درمیان تشریف فرما ہیں، اگرچہ انتخابات قریب ہیں اور ان کی نگرانی کے ایام بھی صرف ۲۳، ۲۴ دن ہیں لیکن کاش بہتر ہوتا کہ اس ایوان کے ابتدائی دنوں میں وہ تشریف لاتے اور جو مسائل تھے ان کے بارے میں خصوصاً ان کا جو اقتصادی پیکیج ہے اس کے بارے میں ایوان کو اعتماد میں لیا جاتا۔ بہر حال اس ایوان کی روایات رہی ہیں اور اس ایوان نے ہمیشہ حکومت وقت کے ساتھ تعاون کیا ہے تاکہ ملکی حالات کو نئے انداز سے چلایا جا سکے۔ بدقسمتی سے نگراں وزیراعظم صاحب کوئی ۲۵ سال سے زیادہ ملک سے باہر رہے۔ یہاں کے حالات، چاروں اکائیوں کے حالات، ملک کے استحکام اور وفاق

کی صورتحال، ملک کے سیاسی اور آئینی مد و جذر ایسے حالات ہیں جن کے تقاضوں سے وہ شاید ناواقف ہوں اور اس سلسلے میں ہمیں عالمی حالات، سویت یونین کا ٹوٹ جانا، افغانستان کی آزادی اور امریکی نیو ورلڈ آرڈر کے مہلک اثرات اور جرائیمی صورتحال کا بھی احساس ہے۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ انتخابات سر پر ہیں لیکن اس ایوان کو بہر حال اعتماد میں نہیں لیا گیا اور اقتصادی پیکج کے لئے ہم پھر بھی یہی گزارش کریں گے کہ آنے والی حکومت جو انتخابات کے میدان میں عوام کے اعتماد کے ساتھ آئے گی۔ اس کا یہ حق ہے کہ وہ ملک کو کونسا آئین اور کون سا نظام فراہم کرے بہرحال اس کے باوجود میں جمعیت علماء اسلام کی طرف سے اور اسلامی جمہوری محاذ کی طرف سے نگران وزیراعظم کا خیر مقدم کرتا ہوں اور یقیناً ہم نے جو کچھ یہاں کہا یا جو ہمارے احساسات تھے وہ ملک و ملت کے مفاد میں اور ہم نے اپنے نقطہ نظر اور اپنے نظریات کی بات کی ہے۔ اللہ تعالیٰ مجھے اور ان تمام کو ہدایت عطا فرمائے۔ شکریہ!

میڈم قائم مقام چیئرمین: شکریہ، جناب عبدالرحیم مندوخیل۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب چیئرمین! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا کہ اس وقت ہمارے درمیان نگران وزیر اعظم صاحب سینٹ میں تشریف فرما ہیں۔ میں سینٹ کے دوسرے محترم ساتھیوں کی طرف سے جن جذبات کا اظہار کیا گیا ہے ان کی تائید کرتا ہوں اور انہیں یہاں سینٹ کی کارروائی میں حصہ لینے کے لئے خوش آمدید کہتا ہوں۔ اس کے ساتھ جناب چیئرمین! موجودہ سیاسی صورتحال جس طرح ملک میں ہے اور نگران وزیراعظم صاحب اور ان کی نگران کابینہ کی جو ذمہ داریاں ہیں ان کے حوالے سے بنیادی کام جو ان کے سپرد ہے وہ انتخابات کا کرانا ہے۔ یہ ایک ایسا اہم مسئلہ ہے کہ انہیں اس پر توجہ دینا پڑے گی اور سینٹ جو پارلیمنٹ کا اہم ادارہ ہے اس کی یہ ذمہ داری ہے کہ جناب وزیراعظم صاحب نے اس دوران میں جن پالیسیوں کا اعلان کیا ہے ان میں کچھ ایسی ہیں جو ان کے بنیادی منصب یعنی جو اس وقت انہیں ذمہ داری سونپی گئی ہے اس سے ذرا دور پڑتی ہیں مثلاً انہوں نے جو پیکج دیا ہے اس سے ایک طرف مہنگائی، دوسری طرف بنیادی مسائل، پرائیویٹائزیشن جیسے مسائل اور ان کے متعلق فیصلے جوکہ ان کی ذمہ داریوں میں نہیں آتے کئے گئے ہیں۔ کیونکہ آنے والے انتخابات کے نتیجے میں جو ملک کو گورنمنٹ ملے گی۔ جو پارلیمنٹ نمائندگی کرے گی۔ یہ ان کے مسائل ہیں۔

بہرصورت جناب وزیراعظم صاحب موجودہ صورتحال میں انتخابات ، مہنگائی اور پیکیج سے جو ہماری زندگی پر اثرات پڑتے ہیں اور جیساکہ حافظ صاحب نے ابھی کہا کہ افغانستان کو آزادی ملی، نہیں افغانستان میں جارحیت ہوئی اور جس کے نتائج آپ کے سامنے ہیں کہ ابھی تک دہشت گردی اور یہ جو ابھی ہم کہہ رہے ہیں۔ کل وزیراعظم صاحب نے فرمایا تھا کہ ہیروئن بیرنز Heroin Barons یہاں ہیں اور تمام دنیا کو ہیروئن یہاں سے جا رہی ہے۔ یہ اس جنگ کے نتائج ہیں بلکہ میں اتنی نشاندہی کروں کہ یہ جنگ افغانستان کے خلاف اس ہیروئن کے ذریعے فنانس کیا گیا تھا۔ یہ ہیروئن یہاں کیوں زیادہ ہوئی ہے؟ اس سے فنانس کیا گیا تھا۔ ایسے اہم مسائل پر وزیراعظم صاحب اپنی رائے دیں گے لیکن ہم ان سے تعاون کریں گے اس حد تک کہ وہ مثبت ہوں اور وہ ہمیں ایسی بنیادی مشکلات میں involve نہ کریں۔ باقی میں پھر ان کو خوش آمدید کہتا ہوں اور امید ہے کہ ان کی جو ذمہ داریاں ہیں وہ اچھے انداز سے پوری کریں گے۔ خدا ان کو کامیاب کرے اور اس ملک کے عوام کے لئے جمہوری حکومت لانے میں کامیاب کرے۔ مہربانی۔

میڈم قائم مقام چیئرمین ، جناب میر عبدالجبار صاحب جی۔ مولانا صاحب ان کے بعد آپ ہیں جی۔

میر عبدالجبار ، شکریہ محترمہ چیئر پرسن صاحبہ! میں اپنی جانب سے اور اپنی پارٹی ، جمہوری وطن پارٹی کی جانب سے نگران وزیراعظم صاحب کا اپنی اور اس مقدس ، معزز ہاؤس کے ممبران کی جانب سے ان کے یہاں آنے پر خیر مقدم کرتا ہوں اور ان کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ میں قائد ایوان جناب محمد علی خان صاحب سے اور جناب پروفیسر خورشید صاحب سے اتفاق کرتے ہوئے مزید گزارش کروں گا کہ ہمارا ملک جو چھ سات ہفتے قبل جن سیاسی بحرانوں کے گرداب میں مبتلا تھا اس وقت بہت سوچا گیا، بہت دیکھا گیا، کہ اس کا مداوا اور کیونکر کیا جائے ، کیسے اس بحران سے نکلا جائے یعنی سیاسی بحران سے، تو اس وقت کے ارباب اختیار جب سر جوڑ کر بیٹھے تو انہیں محسوس ہوا کہ دراصل اس سیاسی بحران کی وجہ معاشی بحران ہے وہ معاشی بدحالی ہے جو حد درجہ اقتصادی بدحالی ہے جس سے یہ ملک دو چار ہے تو انہوں نے جن کی مختلف سیاسی پارٹیاں تھیں جن کے مختلف پروگرام تھے یعنی اس وقت کے صدر پاکستان جناب غلام اسحاق خان صاحب اس وقت کے وزیر اعظم جناب میاں نواز شریف صاحب اور اس وقت کی قائد حزب

اختلاف محترمہ بے نظیر صاحبہ اور ہماری افواج کے سالار جناب عبدالوحید صاحب نے مل بیٹھ یہ کر سوچا کہ اس بحران کا حل صرف اس میں ہے کہ ہمیں ایک ایسا شخص چاہیئے جو معاشیات اور اقتصادیات کا ماہر ہو ' جو ہماری معاشیات کو صحیح خطوط پر لے چلے۔ ان سب کی مشترکہ نظر ایک ایسے شخص پر پڑی جو ورلڈ بینک میں اعلیٰ عہدے پر فائز تھا۔ نمبر ۲ پر کام کر رہا تھا فیصلہ ہوا اور متفقہ طور پر ان کو بلوایا گیا' پہلے تو انہوں نے آنے سے معذرت کی بعد میں انہوں نے ملکی حالات کو دیکھتے ہوئے ' میں سمجھتا ہوں نہایت احسن فیصلہ کیا اور یہاں تشریف لائے اور آج وہ ہمارے وزیراعظم ہیں۔

یقیناً آپ ایک ماہر اقتصادیات ہیں۔ جناب والا اس ملک کی سیاسی کمزوری کی ' اس کی سیاسی انحطاط کی اور باقی تمام خرابیوں کی بنیادی وجہ صرف اور صرف معاشی بحران ہے اور اس کی فلاح معاشی اصلاحات میں ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ آپ نے جس طرح معاشی پالیسیوں کا معاشی اصلاحات کا آغاز فرمایا ہے۔ ہم انشاء اللہ بحرانوں سے گزر جائیں گے۔ اور جناب ان لوگوں کو جنہوں نے بارہ کروڑ عوام کے پیسے کھائے ہیں' اربوں روپے ہضم کئے ہیں۔ جس طرح آپ نے ان سے وصول کرنے میں پہل فرمائی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو کامیاب فرمائے اور ان غریبوں کا ' بارہ کروڑ عوام کا پیسہ جن لوگوں کی جیبوں میں ہے جس میں کہ ہمارے وہ لوگ جوکہ اسمبلیوں میں بیٹھے تھے وہ ہضم کر گئے ہیں ان سے آپ نکالیں گے ۔ ہمارے ۲۰۷ ارکان نیشنل اسمبلی میں سے ۱۷۰ کے قریب (جو figures میں نے اکٹھی کی ہیں) ایسے لوگ ہیں جوکہ آپ کے ڈیفالٹرز ہیں قرض نادہندہ گان ہیں۔ علیٰ ہذالقیاس ۴۶۰ ہمارے صوبائی اسمبلیوں کے ممبران بنتے ہیں اس میں سے تین سو سے کچھ اوپر ممبران بھی اس جرم کے مجرم ہیں جو قرض نادہندگان کے زمرے میں آتے ہیں۔ میں چاہوں گا کہ جہاں آپ اقتصادی پیکج دے رہے ہیں اور جہاں defaulters سے پیسہ وصول کررہے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں یہ احسن اقدام ہے۔ اس کو آپ جاری رکھیں۔ اس صدارتی حکم کو نیشنل اسمبلی کا انتخاب لڑنے والے ممبران پر یا دوسرے پارلیمنٹیرینز سے قرض وصول کرنے پر یا انہیں آئندہ انتخاب سے debar کرنے پر لاگو نہ رکھیں بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ ہر نادہندہ سے ایک ایک پائی وصول کی جائے۔ تاکہ اس ملک کی اقتصادی حالت صحیح ہو جائے اور معاش میں ہم خودکفیل ہوجائیں۔ تباہ شدہ معیشت کو سنبھالا ملے۔ میں ایک دفعہ پھر جناب وزیراعظم صاحب کا از حد مشکور ہوں کہ وہ ہمارے ہاں یہاں تشریف لائے اور ہمارے ساتھ بیٹھے ہیں۔ بہت بہت شکریہ!

میڈم قائم مقام چیئرمین، جناب مولانا سمیع الحق صاحب۔

مولانا سمیع الحق، بسم اللہ الرحمان الرحیم۔

جناب وزیراعظم صاحب میں بھی اپنے تمام ساتھیوں کی طرف سے اور سینٹ کی طرف سے آپ کو خوش آمدید کہتا ہوں اور ان جذبات کی تائید کرتا ہوں جس کا اظہار میرے ساتھیوں نے کیاہے۔ اس ایوان میں ہم سب آپ کا خیر مقدم کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے جو ایک عظیم اور نازک ذمہ داری عبوری گورنمنٹ کے کندھوں پر ڈالی ہے اللہ تعالیٰ ان سے انہیں عہدہ برآء ہونے کی توفیق دے۔ یہ ایک بڑی نازک ذمہ داری ہوتی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کو حکومت سپرد کی گئی ۔ جس کے کاندھوں پر ذمہ داری ڈالی گئی گویا بغیر چھری کے اس کو ذبح کیا گیا۔ اتنا نازک امتحان ہے امانت ہے خداوند تعالیٰ کی تو ہم سب دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو خوش اسلوبی سے اس امانت سے عہدہ برآء فرمانے اور قوم کو آپ سے پوری توقعات ہیں خاص طور سے الیکشن کا ایک عظیم مرحلہ درپیش ہے اور وزیر اعظم کا سب سے بڑا بوجھ جو ہے، ذمہ داری جو ہے وہ امن و امان اور خوش گوار صورتحال میں الیکشن کو تکمیل تک پہنچانا ہے۔ باقی امور ثانوی حیثیت رکھتے ہیں۔

دشمن چاہتا ہے کہ اس عظیم امتحان میں آپ ناکام ہوں اور یہ ملک بحرانوں میں رہے اور الیکشن بحسن و خوبی تکمیل تک نہ پہنچے۔ اس کی سب سے بڑی مثال کل کے افسوسناک واقعات ہیں کہ لاہور میں بے گناہ اورمعصوم شہریوں کو مسجد میں بھون ڈالا گیا ہے۔ وہ خدا کی بارگاہ میں سجدہ ریز تھے۔ اس کے درپردہ فرقہ واریت یا ایسے عوامل نہیں ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس نازک موقع پر اس ملک کے امن و امان کو سبوتاژ کرنا ہے۔ اس میں آٹھ بے گناہ شہری ہلاک ہوئے۔ وہ فرقہ واریت میں ملوث نہیں تھے۔ ان میں سے ایک کو میں جانتا ہوں کہ وہ ڈاکٹر بشارت الہی صاحب کے بھی عزیز تھے اور جنرل ضیاء الحق مرحوم کے بھانجے تھے۔ وہ ایسےمعصوم صفت انسان تھے کہ وہ کسی دفتر میں ایک منٹ کے لئے پنکھے کے نیچے بیٹھنا بھی جائز نہیں سمجھتے تھے کہ جب وقت نہ ہو۔ حافظ عبدالرزاق صاحب کو انسانی شکل میں اللہ تعالیٰ نے فرشتہ بنایا تھا۔ لیکن وہ سب شہید ہوئے کراچی میں کل میں تھا۔ وہاں نیو ٹاؤن کی جامع مسجد پر حملہ ہوا۔ شیل چلائے گئے ۔ آنسو گیس پھینکی گئی ۔ یہ ایک زبردست منصوبہ اور سازش ہے کہ الیکشن کا مرحلہ نہ آنے اور یہ ساری

محنتیں سبوتاژ ہوں۔ پوری توجہ حکمران جماعت کی ان کی سختی سے سرکوبی کی طرف ہونی چاہیئے اور جو کنفیوژن وقتاً فوقتاً پیدا ہو رہا ہے کہ الیکشن نہیں ہو رہا ہے اس کے بنیادی اسباب کیا ہیں۔ عوامل کیا ہیں۔ بی بی سی کیوں روزانہ کنفیوژن پیدا کرتا ہے۔ اس پر بھی آپ ایک واضح اعلان فرمائیں، حتمی، کہ الیکشن ہر حال میں ہوگا۔ اور انشاء اللہ ہماری توجہ امن و امان کے برقرار رکھنے پر رہے گی۔

دوسرے امور اقتصادی اصلاحات ہیں۔ میں بھی اس سے اتفاق کرتا ہوں کہ یہ بہت گھمبیر مسائل ہیں اور کسی کے پاس الہ دین کا چراغ نہیں ہے کہ چند مہینوں میں کیا چند سالوں میں بھی ان مشکلات کا حل نکالے۔ اس دلدل میں اگر آپ پھنس گئے تو عوام کی جو توقعات ہیں ان کو بھی ٹھیس پہنچے گی اور اصل مسئلے سے آپ کی توجہ ہٹ جائے گی۔ یہاں واقعتا میں آپ کو بتاؤں کہ غریب اس کو نہیں دیکھتا کہ پانچ دس سال بعد مجھے کیا خوشحالی پہنچتی ہے۔ آپ کو نیک نیتی سے اقدامات کرنے ہوں گے تاکہ پانچ دس سال بعد ملک کی تقدیر تبدیل ہو جائے لیکن یہاں تو غریب پہلے سے ہی نان جویں کو ترس رہا ہے اور جان کنی کے عالم میں اس کی زندگی گزر رہی ہے۔ جب اچانک ایک دن میں نے پوچھا کہ چینی ۱۲، ساڑھے ۱۲ روپے سیر تھی جب آپ نے روپے کی قیمت کم کر دی اور ایک ہفتے میں دو دفعہ کر دی تو ۱۶ روپے تک ہمارے گاؤں میں چینی کی قیمت پہنچ گئی۔ ۱۲ روپے سیر سے ۱۶ روپے، اس طرح سارے حالات۔

پھر یہ اقتصادی اصلاحات کے بعد تو بہت بڑی گویا مشکلات پیدا ہو گئی ہیں اور یہ بھی باتیں کی جا رہی ہیں کہ آپ نے سینٹ کو تو اعتماد میں نہیں لیا۔ لیکن کیا یہ بات صحیح ہے کہ آپ نے نواز شریف صاحب سے اور بے نظیر صاحبہ سے مشورہ کیا اور اس کی، قوم کی رائے، آپ کو اس معاملے میں حاصل ہے؟ آج قوم یہ تینوں کی طرف دیکھ رہی ہے کہ حکومت اور بے نظیر اور نواز شریف یہ تینوں، یہ تثلیث کیسے اکٹھا ہو گیا۔ اب وہ سڑکوں پر نکلے ہیں، چیخ رہے ہیں کہ احتجاج بھی کریں تو کس سے کریں۔ آپ ایسے اقدامات کریں کہ جو روٹی کو ترس رہے ہیں وہ الیکشن تک کم از کم روٹی کے لئے نہ ترسیں۔ اور آپ کا یہ دور ان کو ہمیشہ یاد آتا رہے کہ وہ دو تین مہینے امن و امان سے اور خوشحالی سے اور امن و سکون سے وقت گزارا تھا۔ آپ نے بدعنوان عناصر کے خلاف اقدامات شروع کئے ہیں۔ اس کی ہم مکمل تائید کرتے ہیں، تحسین کرتے ہیں لیکن اس میں بھی آپ کو بہت احتیاط ملحوظ رکھنا ہوگی کہ کوئی گندم کے ساتھ گھن بھی نہ پس جائے

اور بے گناہ لوگ اس کی زد میں نہ آئیں۔ اگر قرض نادہندگان ہیں تو ان سے قرض وصول کریں اور ان کو قرار واقعی سزا دیں اور ان کو نااہل قرار دے دو لیکن اگر اس میں کوئی قانونی اور ضابطوں کے اندر ملک کی تعمیر و ترقی کے سلسلے میں اقتصادی عمل میں شریک ہوئے ہیں تو ان کا خیال رکھا جائے ورنہ سارا سسٹم ہی آئندہ مستقبل میں خطرے میں پڑ جائے گا کیونکہ قرضوں وغیرہ کے بغیر تو نظام ہی نہیں چلتا' کوئی صحیح شکل میں بھی اقتصادی کاروبار' لیکن واقعی بدعنوان بڑے بڑے جو قوم کے مفادات پر ڈاکے ڈالتے ہیں۔ ان کو سخت سزا ملنی چاہیئے۔

اس کے ساتھ آپ کو پھر کواپریٹیو سوسائیٹیوں کا مسئلہ بھی لینا چاہیئے جو پچھلے دور میں لگا رہا۔ بے نظیر کی حکومت بھی سبز باغ دکھا رہی تھی اور نواز شریف کے تو چیک تقسیم ہو گئے لیکن لوگ تڑپ رہے ہیں پنجاب کے۔ کواپریٹیو سوسائیٹیز کا مسئلہ از سر نو توجہ کا مستحق ہے۔ اسی طرح تاج کمپنی کے ساتھ قرآن حکیم کے مقدس نام پر جو ظلم ہوا ہے عوام کے ساتھ وہ بھی سڑکوں پر مارے مارے پھرتے ہیں۔ ایسے بڑے بڑے جو گھپلے ہوئے ہیں فوری طور پر آپ ان کے بارے میں کچھ اچھے اقدامات کریں۔ اس لئے آخر میں میں گزارش کروں گا کہ تعمیر وطن کے سلسلے میں بھی کچھ مثبت اور متوازن پالیسی اختیار کریں کیونکہ ہمارے جو کام جاری رہتے ہیں حکومتیں بدل جاتی ہیں' میں پچھلے آٹھ دس سال سے ان تجربوں سے گزرا ہوں۔ مجھے بنیادی طور پر تعمیر وطن میں الحمد اللہ ذاتی طور پر کوئی وہ نہیں ہوتا' نہ مجھے پتہ ہوتا ہے کہ کیسے یہ سسٹم چلتا ہے لیکن بیچ میں پائپ بچھے ہوتے ہیں' دیواریں بنی ہوتی ہیں صرف چھت ڈالنا ہوتی ہے۔ گویا ایک کروڑ روپے میں ۸۰ لاکھ روپے خرچ ہو چکے ہوتے ہیں تو ۲۰ لاکھ کی وجہ سے وہ ۸۰ لاکھ روپے سارے لوٹ لیتے ہیں۔ لوگ پائپ بھی لے جاتے ہیں اور دیواریں بھی۔ تو جو کام مکمل نہیں ہو سکے ہیں ان کو فوری طور پر مکمل فرمائیں۔

سینٹ باقی ہے' اللہ نے اس کو قائم رکھا ہے اور یہ مستحکم ادارہ ہے اور یہ قابل فخر ادارہ ہے جو بحرانوں میں ہمیشہ رہنما ثابت ہوا ہے۔ تو اس سینٹ کے سلسلے میں کم از کم وہ تعمیر وطن کے سارے پروگرام بغیر امتیاز کسی پالیسی اور سیاسی تعصب کے سب ارکان کے جاری رہنے چاہئیں۔ ہم خلوص سے دعا کرتے ہیں سب ممبران سینٹ کہ اللہ آپ کو ان تمام امتحانات میں کامیاب فرمائے اور سرخروئی سے ہمکنار کر دے۔ شکریہ!

میڈم قائم مقام چیئرمین: شکریہ۔ جناب بشیر مٹہ صاحب!

Mr. Bashir Ahmed Matta: Thank you very much Madam Chairperson. It is not for the first time that I welcomed the honourable Prime Minister in this House. I welcomed him when you invited him for a dinner and we, the Senators, gathered together with him and exchanged ideas.

Mr. Prime Minister, I welcome you with an open heart like my brother Senators here who have expressed their views: but I will be failing in my duty and I will not properly discharging the trust that I carry from the people who have sent me to this House, if I don't express my frank opinion with regard to some of the policies which you have chosen to adopt as the Caretaker Prime Minister of this country.

Sir, when I welcomed you first, it was an unalloyed and unstinted welcome. Then we had the hope and the expectation that your mandate, for which you were chosen through an agreement, will be fulfilled in its entirety and purely and exclusively. Then, we had the thought in our minds that you had come to this country to take us across the problems that were created at that time, and to land us on a safe shore, so that the normal politics of the country could be revived and an elected government, when installed could pursue the policies for which it had a mandate from the people of this country. But with due respect, I would submit, Madam Chairperson, that when the Prime Minister was half way through the tenure that was given to him, he considered it proper to interfere with some of the basic economic policies of this country. I think that the policies that he has implemented or which he is going to implement will leave nothing to the proper government, the elected government, when it will be in its place, when it will come in to being. He has already devalued the currency of the country; he has proposed to impose an agriculture tax; he has blocked the Tameer-e-Watan

programme of the Senators; he has imposed an unbearible burden on the poor people of this country by increasing the prices of all the essential goods. As I said yesterday in this House, when you put the last straw on the camel's back, the camel's back, they say is broken by the last straw, but here there is no back, you have put burden on a back which does not exist. You are drawing water from the wells which are dry. You have your dry buckets in the treasury and you want to draw water from the wells, but where are those wells? They are dry, they are the poor and wretched people of this country. I must bring it to the notice of the honourable Prime Minister, who has lived long outside this country, that the measure of the misery and wretchedness of the poor in this country must be seen to be believed. If you walk into the hamlets of the poor. If you go to the village and the countryside, where there is no education, where the health facility exists only in name, where there is no communications facility, then what do you expect from these people to give to you? They are just breathing, just existing, they are not living. Now to impose further burden on these people who are living in such wretchedness and misery is cruel, to say the least.

So, I would request you most solemnly, Sir, in the interest of the poor people of this country who are almost always forgotten by the people who sit in high places to withdraw your economic decrees. When we sit in these gilded halls, these well lit halls, we tend to forget the people who have sent us here. So, I want to bring them face to face with you and beseach you in the name of the poor and forgotten people of this country. They don't have any health care-half the population of this country is sick, they are suffering from a number of diseases and there is no body to care for them. Please withdraw those of your decrees and measures which cannot be borne and tolerated by the people of this

country, for which the people of this country have no capacity. Whatever damage has been done is already done, but to avoid further damage, I would reguest to you most sincerely to withdraw all those steps which are possible to withdraw now in the short time that is left to you. I am coming to another point Madam Chairperson.

Madam Acting Chairman: Please be short.

Mr. Bashir Ahmed Matta: I will be very short, but it is important, Madam Chairperson, because non of my brother, Senators mentioned this point. The honourable Prime Minister has stopped the *Tameer-e-Watan programme* of the Senators. Now what is *Tameer-e-Watan* ? It means the construction of the country, and I tell you, honourable Prime Minister, that this money was not given into the hands of the Senators: it were the proposals which were invited from the Senators. They proposed works of the public welfare to the government and these were executed by the government itself. If you are a bureaucrat and can manage the whole country. If the bureaucrats spend billions of rupees belonging to this country under various budgetary allocations, then why can't the representatives of the people propose to the government to execute certain works which are for the benefit of the people of this country? Now, I don't understand, Sir, as I told you, when you came, we welcomed you with an open heart why did you sully that atmosphere by unnecessarily withdrawing certain, not concessions, but certain privileges or rights, which were given to the Senators in the best interest of the people of the country; and mind you, Sir, we have not forgotten those people about which I spoke to you just now. We don't propose to the Government out of the Senators fund to build

palaces. No, we ask them to build something for those forgotten people who have no voice to reach the high places and high government offices in this country.

Madam Acting Chairman: Thank you.

